## دوسری مناجات　　بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ　　مناجات شاکین

خدا کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

إِلهِي إِلَيْکَ أَشْکُو نَفْساً بِالسُّوءِ أَمَّارَةً وَ إِلَى الْخَطِيئَةِ مُبادِرَةً وَبِمَعاصِيکَ مُولَعَةً وَلِسَخَطِکَ

اے معبود میں تجھ سے اپنے نفس کی شکایت کرتا ہوں جو برائی پر اکسانے والا اور خطا کیطرف بڑھنے والا ہے وہ تیری نافرمانی کا

مُتَعَرِّضَةً تَسْلُکُ بِي مَسالِکَ الْمَهالِکِ وَتَجْعَلُنِي عِنْدَکَ أَهْوَنَ هالِکٍ کَثِيرَةَ الْعِلَلِ، طَوِيلَةَ

شائق اور تیری ناراضی سے ٹکر لیتا ہے وہ مجھے تباہی کی راہوں پر لے جاتا ہے اور اس نے مجھے تیرے سامنے ذلیل اور تباہ حال بنا دیا ہے یہ بڑا بہانہ ساز

الْاَمَلِ، إِنْ مَسَّهَا الشَّرُّ تَجْزَعُ، وَإِنْ مَسَّهَا الْخَيْرُ تَمْنَعُ، مَيَّالَةً إِلَى اللَّعِبِ وَاللَّهْوِ، مَمْلُوئَةً بِالْغَفْلَةِ

اور لمبی امیدوں والا ہے اگر اسے تکلیف ہو تو چلاتا ہے اور اگر آرام پہنچے تو چپ رہتا ہے وہ کھیل تماشے کی طرف زیادہ مائل اور غفلت اور بھول چوک سے بھرا

وَالسَّهْوِ، تُسْرِعُ بِي إِلَى الْحَوْبَةِ، وَتُسَوِّفُنِي بِالتَّوْبَةِ اِلهِي أَشْکُو إِلَيْکَ عَدُوّاً يُضِلُّنِي، وَشَيْطاناً

پڑا ہے مجھے تیزی سے گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور توبہ کرنے میں تاخیر کرتا ہے میرے معبود میں تجھ سے شکایت کرتا ہوں اس دشمن کی جو گمراہ کرتا ہے

يُغْوِينِي، قَدْ مَلاَءَ بِالْوَسْواسِ صَدْرِي، وَأَحاطَتْ هَواجِسُه بِقَلْبِي، يُعاضِدُ لِيَ الْهَوىٰ، وَيُزَيِّنُ

اور شیطان کی جو بہکاتا ہے اس نے میرے سینے کو برے خیالوں سے بھر دیا اسکی خواہشوں نے میرے دل کو گھیر لیا ہے بری خواہشوں میں مدد کرتا ہے اور دنیا

لِي حُبَّ الدُّنْيا، وَيَحُولُ بَيْنِي وَبَيْنَ الطَّاعَةِ وَالزُّلْفىٰ إِلهِي إِلَيْکَ أَشْکُو قَلْباً قاسِياً مَعَ الْوَسْواسِ

کی محبت کو اچھا بنا کر دکھاتا ہے وہ میرے اور تیری بندگی اور قرب کے درمیان حائل ہو گیا ہے اے معبود میں تجھ سے دل کی سختی کی شکایت کرتا ہوں اور مسلسل

مُتَقَلِّباً، وَبِالرَّيْنِ وَالطَّبْعِ مُتَلَبِّساً، وَعَيْناً عَنِ الْبُکاءِ مِنْ خَوْفِکَ جامِدَةً، وَإِلى ما يَسُرُّها طامِحَةً.

وسواسوں شکایت کرتا ہوں جو رنگ و تیرگی سے آلودہ ہے اس آنکھ کی شکایت کرتا ہوں جو تیرے خوف میں گریہ نہیں کرتی اور جو

إِلهِي لاَ حَوْلَ لِي وَلاَ قُوَّةَ إِلاَّ بِقُدْرَتِکَ، وَلاَ نَجاةَ لِي مِنْ مَکارِهِ الدُّنْيا إِلاَّ بِعِصْمَتِکَ،

چیز اچھی لگے اس سے خوش ہے اے معبود نہیں میری حرکت اور نہیں طاقت مگر جو تیری قدرت سے ملتی ہے میں بچ نہیں سکتا دنیا کی

فَأَسْأَلُکَ بِبَلاغَةِ حِکْمَتِکَ، وَنَفاذِ مَشِيئَتِکَ، أَنْ لاَ تَجْعَلَنِي لِغَيْرِ جُودِکَ مُتَعَرِّضاً، وَلاَ

برائیوں سے مگر صرف تیری نگہداشت سے پس تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری گہری حکمت اور تیری پوری ہونے والی مرضی کے واسطے

تُصَيِّرَنِي لِلْفِتَنِ غَرَضاً، وَکُنْ لِي عَلَى الْأَعْداءِ ناصِراً، وَعَلَىٰ الْمَخازِي وَالْعُيُوبِ ساتِراً وَمِنَ

سے کہ مجھے اپنی بخشش کے سوا کسی طرف نہ جانے دے اور مجھے فتنوں کا ہدف نہ بننے دے اور دشمنوں کے مقابل میرا مددگار بن

الْبَلاءِ واقِياً وَعَنِ الْمَعاصِي عاصِماً بِرَأْفَتِکَ وَرَحْمَتِکَ يا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ .

میرے عیبوں اور رسوائیوں کی پردہ پوشی فرما مجھ سے مصیبتیں دور کر اور گناہوں سے بچائے رکھ اپنی رحمت و نوازش سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

urdu.duas.org